8جولائی2020ء

اسٹیٹ بینک کی جانب سے سرمایہ کاری کی ری فنانس اسکیم پر مارک اپ ریٹ گھٹا کر 5 فیصد کرنے سمیت کئی اقدامات

بینک دولت پاکستان معیشت پر کورونا وائرس کی وبا کے منفی اثرات کے پیش نظر کاروبار اور گھرانوں کے تحفظ کے لیے مسلسل اقدامات کر رہا ہے اور مارچ 2020ء سے اب تک پالیسی ریٹ میں کمی ایک کلیدی اقدام رہا ہے۔ اسٹیٹ بینک نے 17 مارچ 2020ء سے اب تک پالیسی ریٹ میں 625 بیسس پوائنٹس کی کمی کر کے اسے 7 فیصد کر دیا ہے۔ پالیسی ریٹ میں اس کمی کے فوائد ری فنانس اسکیموں کے استعمال کنندگان تک پہنچانے کی خاطر اب اسٹیٹ بینک نے ملک میں سرمایہ کاری کو فروغ دینے کے لیے اپنی دو ری فنانس اسکیموں پر صارف کے مارک اپ ریٹس کو ہم آہنگ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اسٹیٹ بینک نے عارضی معاشی ری فنانس سہولت (TERF) پر صارف مارک اپ ریٹس کو موجودہ 7 فیصد سے گھٹا کر 5 فیصد کر دیا ہے اور طویل مدتی مالکاری سہولت (LTFF) پر 6 فیصد سے گھٹا کر 5 فیصد کر دیا ہے۔ تفصیلات:

http://www.sbp.org.pk/smefd/circulars/2020/CL19.htm
http://www.sbp.org.pk/smefd/circulars/2020/CL20.htm

عارضی معاشی ری فنانس سہولت (ٹی ای آر ایف): اسٹیٹ بینک نے یہ سہولت نئی سرمایہ کاری اور موجودہ منصوبوں کی بیلنسنگ، ماڈرنائزیشن اور ری اسٹرکچرنگ (BMR) میں اعانت کے لیے متعارف کرائی ہے تاکہ معیشت کو تحریک ملے۔ اسکیم کے تحت ترغیب کو مزید بہتر بنانے کے لیے اسٹیٹ بینک نے صارف مارک اپ ریٹس کو 7 فیصد سے گھٹا کر 5 فیصد کر دیا ہے۔ اب اسٹیٹ بینک، بینکوں کو ایک فیصد پر ری فنانس فراہم کرے گا جس میں بینکوں کا زیادہ سے زیادہ مارجن 4 فیصد ہوگا۔ مزید یہ کہ اسٹیٹ بینک نے اُن کیسز میں ٹی ای آر ایف کی اجازت دی ہے جن میں ایل سی، ان لینڈ ایل سی پہلے کھولی جا چکی ہو لیکن 17 مارچ 2020ء کو اس اسکیم کے متعارف کرائے جانے کے بعد ختم ہوگئی۔ قبل ازیں ٹی ای آر ایف کے تحت بی ایم آر کی اجازت دینے کے پالیسی اقدام کے پس منظر میں ان اقدامات سے معاشی سرگرمی، نئی طویل مدتی سرمایہ کاری اور روزگار کو مزید تقویت ملنے کی توقع ہے۔ اس اسکیم کے تحت 2 جولائی 2020ء تک 21 منصوبوں کے لیے 10.5 ارب روپے کی منظوری دی جا چکی ہے۔

طویل مدتی مالکاری سہولت (ایل ٹی ایف ایف): ایل ٹی ایف ایف اسٹیٹ بینک کی سب سے پرانی ری فنانس اسکیموں میں سے ہے جس کے تحت درآمد شدہ اور مقامی طور پر تیار کردہ نئے پلانٹ اور مشینری کی خریداری کے لیے برآمدی منصوبوں کے لیے فنانسنگ دستیاب ہے۔ مارچ 2020ء میں اسٹیٹ بینک نے تمام شعبوں کے لیے ایل ٹی ایف ایف کو کھول دیا۔ قبل ازیں اس اسکیم کے تحت صارف مارک اپ ریٹ ٹیکسٹائل شعبے کے لیے 5 فیصد اور نان ٹیکسٹائل شعبوں کے لیے 6 فیصد تھا۔ اب اسٹیٹ بینک نے نان ٹیکسٹائل شعبوں کے لیے ری فنانس ریٹ ایک فیصد کم کر دیا ہے چنانچہ اب تمام شعبوں کے لیے صارف ریٹ 5 فیصد ہوگا۔

توقع ہے کہ مذکورہ بالا اقدامات سے ملکی اور برآمدی دونوں مارکیٹوں میں طویل مدتی سرمایہ کاری کے لیے سہولت مہیا ہوگی۔

***